## سوال

(140) مقتدی کے لئے "سمع اللہ لمن حمدہ" کہنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا باجماعت نماز میں مقتدی کے لئے "سمع اللہ لمن حمدہ" کہنا لازم ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام ناصر الدین البانی نے اپنی کتاب صفۃ صلاۃ النبی میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ امام اور مقتدی دونوں کو یہ کلمات کہنے چاہئیں کیونکہ نبی کریم ﷺ اپنی نماز میں ان دونوں کو کہا کرتے تھے، اور صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي (اس طرح نماز پڑھو جیسے مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو) کے عمومی حکم کے پیش نظر امام، مقتدی اور اکیلے نماز پڑھنے والے غرض ہر نمازی کو اس سنت پر عمل کرنا چاہیے۔ (صفۃ صلاۃ النبی: 2/679)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتوی کمیٹی**

**محدث فتوی**